پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۵ رمضان ۱۴۰۵ھ ۲۵ مئی ۱۹۸۵ء | بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار | جلد نمبر ۱ شمارہ نمبر ۵

سانحہ اورنگی کے ذمہ دار افراد کو بلاتاخیر عبرتناک سزا دی جائے حاجی فضل الرزاق

حکومت عوام کے جان و مال کی حفاظت میں ناکام رہی ہے ۔ علاقے کے واقعات ایک سازش کا نتیجہ تھے ۔ ہر پاکستانی کو صدمہ ہوا ہے

نوکر شاہی مارشل لاء کو طول دینا چاہتی ہے ۔ ڈاکٹر یعقوب

دونوں رہنماؤں نے پٹھان کالونی ، اورنگی ٹاؤن ، شمالی ناظم آباد اور پہاڑ گنج کا دورہ کیا۔

صوبوں کے اختیارات از سرِ نو متعین کئے جائیں حمیدہ کھوڑو

قومی اور صوبائی اسمبلی میں جیئے سندھ تحریک گروپ قائم کئے جانے کے خواہاں ہیں



حمیدہ کھوڑو پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں۔

روسی فوج نے سینکڑوں افغان باشندوں کو ہلاک کر دیا

گوریلا آپریشن میں کیوبا کے فوجی دستے بھی ملوث ہیں

نئی کراچی اور گلبرگ میں ٹرک و منی بس کی ٹکر سے ۲ بچیاں ہلاک

گلبرگ میں مشتعل ہجوم نے ٹرک نذر آتش کر دیا

مختلف ٹریفک حادثات میں مجموعی طور پر ۸ افراد جاں بحق

پاکستان کے بارے میں ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹیں بدنامی کا باعث ہیں : ڈاکٹر مبشر

میں متحد اور مضبوط پاکستان پر یقین رکھتا ہوں جتوئی

حکومت واقعی مخلص ہے تو وہ ایم آر ڈی کو مذاکرات کی باضابطہ دعوت دے

آزاد کشمیر میں مشرقی پاکستان جیسی صورتحال ہے سردار قیوم

راجیو گاندھی مسئلہ کشمیر کو ہمیشہ کیلئے ختم کرنا چاہتے ہیں

مارشل لاء کے خاتمے میں جلد بازی ملک اور جمہوریت کیلئے نقصان دہ ہوگی

صدر ضیاء نے ...

رمضان : قربِ خداوندی کا ذریعہ

روزہ تزکیہ نفس کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

مولانا راحت علی ہاشمی

[illegible]



[illegible]

بشریٰ کے منہ سے خون جاری تھا اس کا اوپر کا جبڑا اور چار دانت ٹوٹ گئے تھے

اس کے سینے کے دائیں جانب بھی خون بہہ رہا تھا پیٹ پر بھی شدید ضربات آئی تھیں۔ عدالت میں ڈاکٹر کا بیان

میں نے بشریٰ کی لاش دیکھ کر اس کو شناخت کیا ۔ افضل حسین

[illegible]

بھارت پاکستان سے ملنے والی سرحد پر نگرانی کیلئے چوکیاں قائم کریگا ۔ چاوان

[illegible]

پاکستان بڑی مقدار میں ہتھیار بنانے کا الزام

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نئے وفاقی بجٹ میں بھاری ٹیکس عائد کیے جانے کا امکان

وسائل کی فرق ۲۲ ارب تک پہنچ سکتا ہے

[illegible]

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

الہلال

آزادئ صحافت

ہمارے ایک کرم فرما اور پاکستان میں "الہلال" کے نامہ نگار وطن عزیز کے موجودہ حالات پر پہلے ایک تبصرہ اور تجزیہ لے کر ایک کاتب کے پاس گئے۔ وہ کتابت شدہ رپورٹ ہمیں روانہ کرنا چاہتے تھے کاتب نے رپورٹ پڑھنے کے بعد اگلے روز انہیں اطلاع دی کہ وہ اس کی کتابت کرنے سے معذور ہے۔ استفسار کرنے پر معلوم ہوا کہ رپورٹ کا مواد ایسا ہے کہ اس کی اشاعت پاکستان میں ممنوع ہے۔ یہی رپورٹ اگر کہیں اور کہیں شائع ہوتی ہے تو حکومت کے کارندوں کے ذریعے کتابت کی پہچان کرواکر کاتب کا سراغ لگانا مشکل نہیں ہے۔ ایسی صورت میں اس پر عتاب نازل ہوگا اور وہ بے چارا مفت میں مارا جائے گا۔ وغیرہ وغیرہ۔

یعنی پاکستان میں سالہا سال سے صحافت پر کئی قسم کی ناروا پابندیوں کے باعث حالت یہ ہے کہ صحافت سے منسلک ایک معمولی کارکن بھی ہزاروں میل دور شائع ہونے والے مواد پر اپنا ذاتی سنسر شعوری یا لاشعوری طور پر لگانے کے لیے مجبور ہے۔

بھیجی جانے والی رپورٹ میں کراچی ٹریفک کے ایک سنگین حادثے کا ذکر تھا۔ سرسید گرلز کالج کی ایک طالبہ بشریٰ زیدی کی ہلاکت کے نتیجے میں ہونے والے خونیں واقعات اور ان کا تجزیہ اس میں شامل تھا۔ پولیس کی مجنونانہ کارروائی کی بناء پر اس حادثے میں سرکاری اعداد کے مطابق پچاس سے زائد افراد لقمۂ اجل بن گئے لسانی تفریق کو ہوا دی گئی جس کی بناء پر بیمانہ قتل و غارت گری ہوئی۔ ہلاک ہونے والوں میں اکثریت صوبہ سرحد اور پنجاب سے آئے ہوئے محنت کشوں اور ان کے اہل و عیال کی تھی۔

ان لرزہ خیز حالات نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا۔ عوام حالات جاننے کے لیے اخبارات ریڈیو اور ٹی وی کی طرف رجوع کرتے تو وہاں بھارت کے شہر احمد آباد میں ہنگاموں کا ذکر، سکھوں کے فسادات، لیڈی ڈیانا اور صدر ریگن کی بیچ کا موازنہ، سیاسی لیڈروں کے NON-ISSUES پر دھواں دھار بیانات اور جنرل ضیاء کی تفصیلی تقاریر کے علاوہ کچھ نہ ملتا۔ چنانچہ بیچارے عوام اپنے ملک و شہر کی خبروں کے لیے بی بی سی اور وائس آف امریکہ کا رخ کرتے، جو اپنے مخصوص مقاصد کے لیے خبروں کو حسب معمول اپنے رنگ میں پیش کرتے۔ یوں ملکی صحافت اور پریس ایک بار پھر مذاق بن کر رہ گئے۔

صحافت کو ایک مملکت کا پانچواں ستون کہا جاتا ہے۔ پاکستانی صحافت کا المیہ یہ ہے کہ ملک عزیز میں آٹھ طویل سالوں کے بعد انتخابات ہوئے مگر آزادئ اظہار کے بغیر جمہوریت اور آزادئ اظہار لازم و ملزوم ہیں۔ رائے کی آزادی جمہوریت کی شرط ہے۔ مگر کراچی کے تازہ حالات سے ایک بار پھر یہ ثابت ہوگیا ہے کہ انتخابات محض ایک ڈھونگ تھے۔ ذرائع ابلاغ کا گلا گھونٹ کر قوم کو حالات سے بے خبر رکھا گیا۔

پاکستانی صحافت کو پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس اور نیشنل پریس کی زنجیروں میں جنرل ایوب خان کے زمانے میں جکڑا گیا۔ بعد میں جنرل ضیاء نے ۱۹۷۹ء میں اخبارات اور جرائد پر جو سنسر نافذ کیا وہ پاکستانی تاریخ کا طویل ترین سنسر ہے جس کے ذریعے پری سنسر شپ اور پریس ایڈوائس کے تحت صحافت کی گویا ٹانگ سلب کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور ناروا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ اخبارات و جرائد کو سرکاری اشتہارات کی تقسیم کا ہے جو حکومت خود کرتی ہے۔ اصولی طور پر اشتہارات کی تقسیم سرکولیشن کے لحاظ سے ہونی چاہیے۔ مگر پاکستان میں اور یہاں شمالی امریکہ میں بھی اشتہارات کا ذریعہ پاکستانی اخبارات اور جرائد کو "ہموار" کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثلاً گزشتہ مارچ شمالی امریکہ سے شائع ہونے والے تقریباً ہر پاکستانی رسالے یا اخبار کو پی۔ آئی۔ اے کا پورے صفحے کا اشتہار دلوایا گیا۔ مگر "الہلال" کو پچھلے کئی سالوں کی طرح اس دفعہ بھی نظرانداز کردیا گیا۔ وہ جریدہ جو شمالی امریکہ میں پاکستانی صحافت کا اولین نقیب ہی نہیں بلکہ سرکولیشن کے لحاظ سے بھی سب سے بڑھ کر ہے مگر کیونکہ ہمارا مطمع نظر خوف خدا اور سالمیت پاکستان ہے، قلم و ضمیر کی فروخت ہم سے نہیں ہوسکتی اسلئے اشتہار نہ دے کر ہم پر بالواسطہ (INDIRECT) سنسرشپ عائد کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اگر ہم بھی ٹورانٹو میں فوجی سرکار کے فوجی (ریٹائرڈ) نمائندے کی خوشامد کرتے، ان کی کاسہ لیسی کرتے (عام الفاظ میں چمچہ گیری کرتے) ان کی سرکار کی جا و بےجا تعریفیں کرتے اور ان کے آقا جنرل ضیاء اور ان کے آقا کے آقاؤں یعنی کیسپر جنرل چینگ شاہ فہد، یا ریگن کی بڑی بڑی تصاویر چھاپتے تو "الہلال" کے صفحات بھی معصوم بشریٰ زیدی کی تصویر اور کراچی کے خونیں ہنگاموں کی اطلاعات کے بغیر پی۔ آئی۔ اے کے پر شکوہ ہوائی جہازوں اور دوسرے سرکاری اشتہارات سے بھرے ہوتے۔ ☐

دوسروں کی تضحیک کرنے والے ظالم ہیں

اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ مرد دوسرے مردوں کا مذاق اڑائیں ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا مذاق اڑائیں ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں، آپس میں ایک دوسرے پر طعن نہ کرو اور ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد کرو۔ ایمان لانے کے بعد فسق میں نام پیدا کرنا بہت بری بات ہے۔ جو لوگ اس روش سے باز نہ آئیں وہی ظالم ہیں۔ (الحجرات - ۱۱)

رمضان کے آخری عشرے کی عبادت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے کے دوران عبادت وغیرہ میں وہ مجاہدہ کرتے تھے اور مشقت اٹھاتے تھے جو دوسرے دنوں میں نہیں کرتے تھے۔

(بخاری و مسلم)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرنوشتِ انسانیت

سید انوار احمد بلگرامی

خالق نے اپنی اشرف مخلوق، ہم انسانوں سے ایک نہایت لطیف مگر بیساختہ تعلق اشتراک کا رشتہ قائم کیا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ وہ خالق ہم مخلوق، وہ رازق ہم مرزوق، وہ معبود ہم عبد، وہ غنی ہم سراپا احتیاج۔ مگر معاشرے کی مثبت تبدیلی، تو حق اللہ تعالیٰ نے اس معاملے میں اللہ نے ہم انسانوں سے ایک خصوصی اشتراک کی بنیاد ڈالی۔ ایک ایسی پیشکش، ایک ایسا فارمولا جو جیتے رہنے تک قائم رہے اور معاشرے کی مثبت تبدیلی اور پھلنے پھولنے کے لئے ہدایت بنا ہوا ہے۔ سورۃ رعد - آیت ۱۱ میں فرمایا۔

ترجمہ: درحقیقت اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک وہ لوگ خود اپنی حالت کو نہیں بدل دیتے)

اس آیت میں جس اصول کی نشاندہی کی گئی اس کے اول جزو میں معاشرے کی تبدیلی و تغیر کا ذکر ہے مگر اس کی بنا اور شرط افراد میں تبدیلی و تغیر رکھی گئی۔ خدا وند عالم حیثیت کا ... انسانی کسی بھی معاشرے، کسی بھی قوم، کسی بھی گروہ انسانی میں تغیر و تبدیلی لانے پر قادر ہے۔ وہ کسی تکمیل کی منزل ... [illegible]

امام جعفر

خلیفہ منصور عباسی نے حضرت امام جعفر صادقؒ کو اپنے دربار میں طلب کرلیا۔ آپ دربار میں پہنچ گئے مگر خوش نہ ہوئے۔ منصور عباسی نے آپ کو مسند شاہی پر جگہ دی اور کافی دیر تک خوش اخلاقی سے گفتگو کرتا رہا۔ خلیفہ رخصت کرتے وقت نہایت ادب سے فرمائش کرنے لگا "اگر آپ اپنی خواہش کا اظہار فرمائیں تو مجھے اس کی تعمیل میں بڑی خوشی ہوگی۔"

حضرت امام جعفر صادقؒ نے جواب دیا "میری سب سے بڑی خواہش یہ ہے کہ آپ مجھے دوبارہ طلب نہ فرمائیں۔"

خلیفہ منصور عباسی حیرت سے ان کی صورت دیکھتا رہ گیا۔

ہیبتِ خداوندی

حضرت عبداللہ بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ ... [illegible]

فقیری اسے کہتے ہیں

[illegible]

وہ بجلی

علامہ اقبالؒ

کشادِ درِ دل سمجھتے ہیں اس کو
ہلاکت نہیں موت ان کی نظر میں
دلِ مردِ مومن میں پھر زندہ کردے
وہ بجلی کہ تھی نعرۂ لاتذر میں

خواتین کا صفحہ

میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں؟

اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ کل میری بچی خیریت سے گھر لوٹے گی؟

ہمارا شہر فسادات کی زد میں ہے اور میں ایک ہی سوال ہے جو ہر شہری کے سامنے کھڑا ہے ... [illegible]

میں کس کے ہاتھ پر اپنا لہو تلاش کروں

ہم خواتین، لڑکیاں، بچیاں، ملک کی نصف آبادی ... [illegible]

کیا شہر کو جلانا ہی حل رہ گیا ہے؟ ... [illegible]

اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ کل میری بچی خیریت سے ... [illegible]

[illegible]



برگِ تازہ

شگفتہ شفیق

(دبئی)

میرے آنچل میں مہکتی ہیں ابھی
تیرے ہاتھوں کی گلابی صبحیں
اور وہ آنکھوں میں بسے مہتاب جوانی کی فضا
دور فیروزی افق کا زینہ
میں نے دامن میں چھپا رکھے تھے جس رات
تیرے اشکوں کے نگینے
تیرے حسین ہونٹ بھی
میری پلکوں پہ جھکے تھے شاید
برگِ تازہ کی طرح

جیتی جاگتی زندگی

ہمدرد کے قلم سے

سخت گیر والدین کے لئے لمحۂ فکریہ

صیب سے سخت اب زندہ رہنا مشکل ہو گیا ہے ... امتحان میں فیل ہو گیا تو والدین نے اتنی سختی کی کہ میرے جسم پر بھی چوٹ لگی ... [illegible]

پیار و محبت کا سلوک کر کے آپ کی خود اعتمادی بحال کی جا سکتی ہے ... آپ کسی طرح امتحان پاس کریں ... [illegible]

پیار سے سمجھائیں

[illegible]

ہائے اس زود پشیماں کا......

کوئی پانچ سال قبل میری ملاقات ... سے ہوئی۔ وہ میرے دفتر میں کام کرتا تھا۔ ہم ایک دوسرے کو پسند کرنے لگے۔ مجھے اس وقت تک یہ معلوم نہ تھا کہ وہ شادی شدہ ہے۔ پھر اس نے بتایا کہ وہ مجھ سے شدید محبت کرتا ہے اور میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا۔ پھر اس نے میری خاطر اپنی بیوی چھوڑ دی اور ہم نے شادی کر لی۔ اب ہمارا ایک بچہ ہے۔ ہم خوشی خوشی زندگی گزار رہے ہیں۔ مگر مجھے یہ شدید احساس جرم ستاتا ہے کہ میں نے ایک عورت کی زندگی برباد کی، اس کا گھر اجاڑا۔ کاش میں اس کے لیے کچھ کر سکوں۔ گزشتہ غلطی کی تلافی کر سکوں۔

(ط - الف)

لیکن اس میں آپ کے شوہر برابر کے ... [illegible]

ناگزیر لمحہ

میں اپنے والدین کی اکلوتی بیٹی ہوں۔ ایک چھوٹا بھائی ہے ... [illegible]

افطاری کے لیے

افطاری کے وقت چٹ پٹی چیزیں کھانے کو دل چاہتا ہے تو آج ہم آپ کو ترکیب بتاتے ہیں۔

گوشت کے پکوڑے

[illegible]

... تقریباً ایک گھنٹہ ... چٹنی کے ساتھ مزے دار افطار کریں۔

چکن سوپ

[illegible]

ادب و ثقافت

انہوں نے یہ کتاب خود نہیں لکھی

۳۲۔ ادیبوں سے لکھوائی ہے

جناب صادق الخیری ہمارے بزرگ ادیبوں میں سے ہیں گزشتہ نصف صدی میں انہوں نے اردو ادب کی بیش بہا خدمت کی ہے۔ اردو فکشن کے سرمایے میں انہوں نے اپنی طبع زاد کہانیوں اور تراجم کے ذریعے قابل قدر اضافہ کیا ہے۔

قیام پاکستان کے بعد صادق الخیری عملی زندگی کے جھگڑوں میں کچھ اس طرح گھر گئے کہ ادب سے ان کا تعلق تقریباً ختم ہو گیا۔ ایک عرصے تک تعطل کا یہ عرصہ ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ادب کی طرف آئے اور اپنی پرانی کتابیں کو چھپنے کے ساتھ ساتھ نئی کتابیں لکھنے اور شائع کرنے کا منصوبہ بنایا۔ گزشتہ چند برسوں سے وہ اس منصوبہ پر نہایت خوش اسلوبی سے عمل کر رہے ہیں اور اب تک ایک درجن سے زیادہ کتابیں شائع کر چکے ہیں۔۔۔

افسانوی کتابوں کی اہمیت اپنی جگہ ہے لیکن صادق الخیری کو ...

[illegible]

حیرت ہے کہ ان ادیبوں نے خیری صاحب سے استفسار آ رہا ہے لیکن کسی نے تکلفاً بھی یہ نہ لکھا کہ سلسلے کے لیے اپنا افسانہ عنایت کیجئے!



اس مجموعے میں ہمارے ۳۲ نامور ادیبوں کی ...

[illegible]

قمرہ جلال کی ایک نظم

شاہین

نہر ریڈو کے کنارے میں کھڑا سوچتا ہوں
وہی سرسبز گھنے پیڑ ہیں، سورج ہے وہی
دھوپ میں ساری تمازت ہے جواں جسموں کی
چشم و ابرو میں وہی، حسن کی سج دھج ہے وہی

گھر سے نکلا تو کئی بار خیال آیا تھا
جستجو ہے تو پریشاں نظری بھی ہو گی
ہر کھلی آنکھ میں رسوائیاں منڈلاتی ہیں
باعث دربدری دیدہ وری بھی ہو گی

یہ مگر کون سی منزل ہے سفر میں اب کے
چلے اتنا تو نہ تھا دل میں خلا کا احساس
دن گزر جاتا ہے کچھ اور اندھیرے دے کر
ڈھل گئی رات تو پھر سیل بلا کا احساس

ابھی شہر میں شیشے کے گھروں سے باہر
خیر مقدم میں کوئی اپنا ہے گماں سے باہر
دردیدہ خواب سی آنکھوں کا پرانا محرم
یوں ہے واماندہ کہ اب آہ و فغاں تک مشکل

شاہین کے اعزاز میں ایک تقریب

انگریزی رسالہ "اردو کینیڈا" کا اجرا

علی حیدر ملک

[illegible]


شاہین

[illegible]

مختصر اشتہارات

آتشبازی میں آگ لگنے کے سبب دھماکوں سے پورے علاقے میں خوف و ہراس

پولیس کی نااہلی کے خلاف احتجاج۔ ہجوم کا پتھراؤ۔ آتشبازی فروخت کرنے والے کے خلاف مقدمہ

کراچی ــــ اسٹاف رپورٹر: لیاقت آباد میں شب برات کے موقع پر کل آتشبازی کے سامان میں خوفناک دھماکے سے پانچ افراد ہلاک اور ۵۰ شدید زخمی ہو گئے۔ کئی زخمیوں کی حالت نازک ہے۔ ہلاک شدگان اور زخمیوں میں بیشتر بچے، قریبی مدنی مسجد سے نکلنے والے نمازی اور راہگیر شامل ہیں اور زخمیوں کی آنکھوں اور جسم کے دوسرے حصوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ آتشبازی کے سامان میں آگ لگنے کے بعد زبردست دھماکوں اور شعلوں سے پورے علاقے میں کہرام مچ گیا اور عورتیں اور بچے خوف و ہراس کی حالت میں گھروں سے نکل آئے۔ زخمی بچے اور نوجوان بری طرح سے جھلسی ہوئی حالت میں پڑے ہوئے تھے، جنہیں علاقے کے افراد نے فوری طور پر ہسپتال پہنچانے کی کوشش شروع کی۔ آگ آتشبازی کے ٹھیلے میں کل شام اس وقت لگی جب اسے فروخت کرنے والے ... [illegible]

قریبی مدنی مسجد سے نماز کے بعد ... وہ بھی اس کی لپیٹ میں آ گئے۔ زبردست دھماکوں کے نتیجے میں پورے علاقے میں دھواں پھیل گیا۔ زخمیوں کی حالت بہت خراب تھی، جسم جگہ جگہ سے زخمی اور گوشت جل گیا تھا جس کی وجہ سے وہاں جمع لوگ ... [illegible]



شب برات کے موقع پر لیاقت آباد میں دھماکے سے تباہ ہونے والا ایک ٹھیلا ۔ (تصویر جسارت)

[illegible]

دوسرے صوبوں سے سندھ کو نقل مکانی پر پابندی لگائی جائے۔ بیگم نگہت زاہد (؟)

حیدرآباد ــــ سندھ اسمبلی کی رکن بیگم ... [illegible]

بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کے لیے ٹرینوں میں خصوصی نشستیں

کراچی ــــ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے نے بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کے لیے خیبر میل، تیز گام، ... ایکسپریس اور کراچی ایکسپریس میں ... نشستیں مخصوص کر دی ہیں۔ ریلوے نے بیرون ملک سے کراچی آنے والے مسافروں سے کہا ہے کہ وہ اندرون ملک سفر کے لیے اپنی نشستیں ۲۴ گھنٹے قبل پاسپورٹ پیش کر کے محفوظ کرا سکتے ہیں۔

نماز تراویح

ماہ رمضان کے دوران نماز تراویح کا بندوبست بے ولیو مسجد میں کیا گیا ہے۔ جناب حافظ اشتیاق صاحب ختم قرآن پاک کریں گے۔ نماز عشاء کی اذان دس بجکر دس منٹ پر ہوگی اور نماز دس بجکر ۱۵ منٹ پر شروع ہوگی۔ یہ مسجد بے ویو پر اسٹیلز کے شمال میں واقع ہے۔

آپ کے خطوط

اخبار "الہلال" مورخہ ۱۰ اپریل ۸۵ء کا اداریہ بعنوان "احمدیوں سے درخواست" نظر سے گزرا۔ جس میں وہی فرسودہ اور اختلاف آمیز اعتراضات کا اعادہ کیا گیا ہے جن کا کئی بار مدلل اور مبسوط جواب جماعت احمدیہ نے دیا ہے۔

..... اگر یہ جماعت فی الواقع اسلام کی مخالف ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس میں سینکڑوں مشہور علمائے دین، صوفیائے کرام، سجادہ نشین اور پیر جن کو قوم میں بڑی عزت اور وقار حاصل تھا، انھوں نے اپنا سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اس جماعت میں شامل ہونے کو اپنی بلیغ سعادت سمجھا۔

..... ذرا ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ مسیح موعود کے ظہور کی وہ ساری علامات جو احادیث نبوی میں درج ہیں پوری ہو چکی ہیں مثلاً چودھویں صدی کے آغاز میں ظاہر ہونا، رمضان کے مہینے میں اس کی صداقت کے لیے سورج اور چاند کو گرہن لگنا، کثرت سے زلزلے کا آنا، طاعون کا پھیلنا، عالمگیر لڑائیوں کا ہونا، تیز رفتار سواری کی ایجاد، کثرت سے کتب کی اشاعت، مسلمانوں میں پھوٹ اور ۷۳ فرقوں میں منقسم ہونا، اسلام برائے نام رہ جانا، مسلمانوں کی بداخلاقی اور گراوٹ جس کا اعتراف ڈاکٹر اقبال نے یوں فرمایا ہے کہ

یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

یہ سب کچھ پورا ہو چکا مگر مسیح موعود ابھی تک ظاہر نہیں ہوا۔ اسکی وجہ کیا ہے؟ اب دو باتوں میں سے ایک بات ماننی پڑے گی یا تو نعوذ باللہ قرآن مجید اور احادیث جھوٹی ہیں یا پھر وہ آ چکا ہے مگر جس طرح یہودی اپنے وقت کے مسیح موعود کو پہچان نہ سکے اسی طرح موجودہ مسلمان بھی پہچان نہ سکے۔

ــــ محمد عیسیٰ جان خان

●

جناب ایڈیٹر صاحب،

..... آپ نے لکھا ہے کہ "ہمارا دین واضح ہے"۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر دین کو واضح رہنا تھا اور اس کی شکل میں بگاڑ پیدا نہیں ہونا تھا تو پھر ہر صدی سال بعد مجدد کے آنے کی کیا ضرورت تھی۔ ..... اب دین اتنا بگڑ چکا ہے کہ اسلام میں ۷۳ فرقے بن گئے ہیں ..... یہ مسلمان ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو ہی نہیں سکتے۔ اور یہی عظیم کام مسیح الموعود نے کرنا ہے کہ نہ صرف مسلمان بلکہ باقی تمام مذہبوں کو بھی ایک ہی پلیٹ فارم پر اکٹھا کرے۔ یہ بغیر مسیح الموعود کی ضرورت کے کوئی اور سرانجام دے ہی نہیں سکتا۔

..... حضرت مرزا صاحب نے جہاد کو منع نہیں فرمایا بلکہ فرمایا ہے کہ واجب ہے۔ ... [illegible]

برسوں پر کچھ دست اندازی نہیں کرتی اور نہ اپنے دین کو ترقی دینے کے لیے ہم پر تلوار چلاتی ہے، قرآن شریف کی رو سے مذہبی جنگ کرنا حرام ہے ــ (کشتی نوح)

..... جہالت کی انتہا ہے کہ شعر سمجھے بغیر اور اعتراض کر ڈالا۔ اگر مصحف اشرف، انجیل شریف اور پاک بیٹ شریف ہو سکتا ہے تو قادیان جہاں خدا کا مامور مسیح موعود اور مہدی موعود کا ظہور ہوا کیوں محترم نہیں ہو سکتا؟

..... آپ اگر یہ ثابت کر دیں کہ حضرت عیسیٰ آسمان پر زندہ موجود ہیں اور زندہ ہی واپس تشریف لائیں گے اور ان کے آنے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت نہیں ٹوٹے گی اور ختم نبوت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ توبہ کر کے جماعت احمدیہ کو چھوڑ دوں گا.....

حضرت مرزا کا ایک الہام یہ بھی ہے کہ "میں اس کو ذلیل کروں گا جو تیری ذلت کا ارادہ کرے گا"

اور اس کے ثبوت ہم کئی بار دیکھ چکے ہیں۔ اس لیے بہتری اسی میں ہے کہ توبہ کریں آئندہ شر انگیز تحریرات سے باز رہیں اور سچے دل سے احمدیت کا مطالعہ کریں.....

ــــ خلیل احمد

●

مدیر محترم،

مرزا غلام احمد ایک مقرر تھے جنہوں نے پچھلی صدی میں مجدد ہونے کا دعویٰ کیا۔ اگر بات یہیں تک رہتی تو کوئی مسئلہ نہیں تھا۔ مگر انہیں خود پسندی اور اپنے آپ کو بہت بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کی خواہش دیوانگی کی حد تک تھی۔ لہٰذا انھوں نے امام زماں مہدی ہونے کا دعویٰ بھی کر دیا اور پھر اس پر بھی اکتفا نہ کرتے ہوئے مسیح موعود بن بیٹھے۔

رسول اللہ علیہ وسلم کی جن حدیثوں اور روایات کا حوالہ دیتے ہوئے انھوں نے اتنا بڑا دعویٰ کیا، ان میں یہ بھی تو ہے کہ امام مہدیؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی آمد پر کفار کے ساتھ عظیم جنگیں ہوں گی، مسلمان ایک ہو جائیں گے۔ دنیا پر مذہب اسلام غالب آجائے گا اور انصاف و عدل کا بول بالا ہوگا۔ مرزا غلام احمد کو مرے ہوئے ستر سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا ہے مگر مسلمانوں کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی جا رہی ہے۔ آخر وہ کیسے مسیحا تھے؟

پھر قادیانیوں کو اپنے امت مسلمہ میں رہنے پر اتنا اصرار کیوں ہے جبکہ مرزا صاحب خود مسلمانوں کو کافر قرار دے چکے ہیں۔ ان کے ماننے والوں کو مسلمانوں کے ساتھ شادی بیاہ کی اجازت نہیں ہے۔ ساتھ ملکر نماز نہیں پڑھنا بلکہ نماز جنازہ میں شرکت تک منع ہے۔ لین دین اور حق وراثت ختم کر دیا گیا ہے۔

میری ادنیٰ رائے یہ ہے کہ آپ اس اقتباسات ... [illegible]

ــــ نذیر احمد

ہم اپوزیشن میں رہ کر حکومت کی اصلاح کا کام بہتر طور پر کر سکتے ہیں۔ میاں طفیل محمد

تحریک اسلامی کے ارکان پارلیمنٹ آئندہ اجلاس میں مارشل لاء کے خاتمہ کا مسئلہ اٹھائیں گے

ہم نے ۱۹۷۳ء کے آئین کی بحالی، قومی اور صوبائی اسمبلیوں کو با اختیار بنانے کا مطالبہ کیا ہے

حکومت کی ناکامی کی ذمہ داری مسلم لیگ پر نہیں ہوگی۔ کنور قطب الدین

ماضی میں مسلم لیگ کی قیادت مفاد پرستوں کے ہاتھوں میں رہی ہے۔ نوابزادہ راشد علی

کراچی ویڈیو کی لپیٹ میں آگیا

بھارتی ٹیلی ویژن کی نشریات دیکھنے کے لئے وی سی آر اور بوسٹر کی مانگ میں اضافہ

منتخب جمہوری اداروں کو مارشل لاء کی سرپرستی کی ضرورت نہیں

وفاقی وزیر انصاف کے بیان پر قومی اسمبلی کے ارکان لیاقت بلوچ اور حافظ سلمان بٹ کا ردعمل

زرعی معیشت بھی تباہی کے کنارے پہنچ گئی ہے۔ نوابزادہ نصراللہ



وزیراعلیٰ غوث علی شاہ کی زیرِ صدارت سندھ کابینہ کے اجلاس میں آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام پر غور کیا گیا

پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ میں دھماکہ، ۱۶ افراد ہلاک

۵ ملازمین شدید زخمی ہوئے۔ حادثہ کی تحقیقات کے لئے کمیٹی قائم کر دی گئی

پانی کی قلت سے نمٹنے کیلئے قومی سطح پر کوششیں کی جا رہی ہیں۔ گورنر سندھ

اندرون سندھ امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ مقامی لوگوں کو ملازمتوں کے لئے ترجیح دی جائے گی

کراچی سے پشاور تک متبادل شاہراہ کی تعمیر پر توجہ دی جا رہی ہے۔ بیمون میں وفود سے ملاقات



آنجہانی اندرا گاندھی کا ترکہ دو پوتوں اور ایک پوتی کے حوالے کر دیا گیا

مانیکا گاندھی اور ورون گاندھی کو کچھ نہیں ملا

وزیراعظم پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کریں۔ نعمت اللہ

سندھ کے تمام تعلیمی اداروں میں غیر مسلموں کی آبادی کے تناسب سے کوٹہ مقرر کیا جائے

قومی اسمبلی کے اجلاس میں پریس اینڈ پبلیکیشنز

آرڈیننس کے خاتمہ پر غور ہوگا۔ اقبال احمد خان

fortnightly Vol.14 No.5 50¢
May 25, 1985
al-Hilal Ph: (416) 474-9293, 493-4374
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

پاکستان میں عام انتخابات اور مجوزہ وزارت کے قیام کے حوالے سے اختلافات دور ہو گئے

صدر اور وزیراعظم کے حامی بتدریج اقتدار کی منتقلی چاہتے ہیں

مارشل لاء فوری طور پر ختم نہ کرنے کی دو وجوہات ہیں۔ قاری اپنی ترجیح آگاہ کر سکتا ہے

[illegible]

افغان مجاہدین کے گولہ بارود کے ذخیرہ میں دھماکہ

۲۴ روسی کارمل فوجی ہلاک

[illegible]



وزیراعظم محمد خان جونیجو صدر ضیاء الحق کو رخصت کرنے کے بعد اسلام آباد ائرپورٹ پر اخبار نویسوں سے بات چیت کر رہے ہیں۔

وفاقی کابینہ میں مزید وزراء اور وزراء مملکت شامل کئے جائینگے

ڈاکٹر ... قطب الدین ... فاروق ... شیخ رشید احمد ... کے نام لئے جا رہے ہیں

[illegible]

۴ افغان طیاروں نے پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی اور راکٹ برسائے

[illegible]

مسجد بھی فروخت ہونے لگی

[illegible]

ہم بھی اپنے بیرونی دوستوں کو طلب کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ولی خان

[illegible]

ساج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے۔ غوث علی شاہ کی ہدایت

ٹھٹھہ کے مختلف گروپوں کے درمیان بھائی چارہ قائم کرنے کے لیے امن کمیٹی کا قیام

[illegible]

امریکہ اور بھارت میں جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کا سمجھوتہ ہو جائے گا۔ فریڈ ایکل

[illegible]

لیفٹیننٹ جنرل نجیب الرحمن کو سیکرٹری جنرل دفاع مقرر کیا جا رہا ہے

فرار ... فوج سے ریٹائر ہو گئے

[illegible]

کنفیڈریشن کا نعرہ لگانے والے ملک دشمن نہیں ہیں قصور گردیزی

[illegible]

ملک اکبر ساقی کی گرفتاری کیلئے چھاپے

[illegible]

بنگلہ دیش دھماکوں کی لپیٹ میں

[illegible]

Managing Editor: M Lateef Owaisi